وہ مجلسِ مالیات کو جمع کروائیں، طے شدہ اخراجات مجلسِ مالیات سے گوشوارہ دے کر حاصل فرمائیں، اپنے طور پر مدنی عطیات جمع کر کے، خرچ کرنے کی اجازت نہیں۔ البتہ جو مدنی عطیات واجناس وغیرہ خاص طور پر رہائشی مدرسے کے لئے جمع ہوں، اُنہیں مدرسے ہی کے مصرف میں لایا جائے اور تفصیل گوشوارہ میں درج کی جائے۔ (ناظمِ مدرسہ کے مکتب میں دعوتِ اسلامی کے مدنی عطیات بکس (Box) کی ترکیب ہونی چاہئے، مدرسے کے اطراف کے بازار وغیرہ میں دکانوں وغیرہ میں جو مدنی عطیات بکس لگائے جائیں اس کی ترکیب مجلس مدنی عطیات بکس ہی کرے گی)

## ﴾19﴿ مَدَنی قافلہ، مَدَنی انعامات، مختلف کورسز کے ماہانہ اہداف:

مدرسۃ المدینہ **للبنین** (رہائشی) کے ذِمہ داران، اپنے نگرانِ مجلس کے مشورے سے مَدَنی قافلوں، مَدَنی انعامات اور دیگر کورسز کے ماہانہ اہداف طے کریں اور اس کے لیے بھرپور کوشش بھی فرمائیں۔

## ﴾20﴿ ذمہ داران کی تقرری کی ترکیب:

| # | ذمہ دار | سطح |
|---|---|---|
| 1 | ناظرہ کا درجہ (مدرس) | 26 تا 30 مدنی مُنّوں پر |
| 2 | حِفظ کا درجہ (مدرس) | 20 تا 26 مدنی مُنّوں پر |
| 3 | مدرسہ ذمہ دار | 2 سے کم درجوں پر |
| 4 | ناظم | 2 سے زائد درجوں پر |
| 5 | نائب ناظم | 4 سے زائد درجوں پر |
| 6 | کابینات ناظم (جو رکنِ مجلس ہی ہوگا) | 7 سے زائد درجوں پر (مختلف کابینات میں وہاں کے درجوں کے مطابق) |
| 7 | رکن مجلس (پاکستان) | ایک/چند کابینات کے 7 تا 22 درجات پر |
| 8 | نگرانِ مجلس | مجلس پر |

❁ 26 تا 30 مدنی مُنّوں پر **ناظرہ کا درجہ** (مدرس) اور 20 تا 26 مدنی مُنّوں پر **حفظ کا درجہ** (مدرس) ہوگا۔ مقیم مدارس میں مقیم مدنی منوں کا ہی داخلہ کیا جائے گا اگر غیر مقیم مدنی منے مقیم مدارس میں داخلہ لیں گے تو ان کا دورانیہ بھی فجر تا عشاء ہوگا۔ 2 سے کم درجوں پر مدرسہ ذمہ دار، 2 سے زائد درجوں پر ناظم اور جہاں 4 سے زائد درجے ہوں وہاں پر ناظم کے تحت نائب

